www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



یہ جو کچھ ہوا ہے، وہ اور اصل جو ہونے والا ہے، اس کی طرف ایک مکروہ تلمیح ہے کہ

عاقل را اشارہ کافی ست !

گلہ غیروں سے نہیں، کیونکہ غیر تو ہمیشہ ایسا ہی کرتے ہیں۔ گلہ اپنوں سے ہے، لیکن ان سے بھی نہیں جو "بے خدا دنیادار" بندے ہیں، کیونکہ یہ عموماً "بے ضمیر اور بکاؤ" مال ہوتا ہے، اصل شکوہ اپنے اسلام کے نام لیوا عوام سے ہے، جو ایسے لوگوں کو اپنے اوپر مسلط کر کے ملک، ملت اور دین و ایمان کے لیے فتنے پیدا کرتے رہتے ہیں ـــــ اب بھی اسلحہ کی سمگلنگ کو ملکی عافیت سے زیادہ اپنی پارٹی کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔

ہم مسلم عوام کو ان کے خدا کے نام کا واسطہ دے کر اس طرف توجہ دلاتے ہیں کہ عالم اسلام کے کتنے مومن بندوں کو آپ نے ملتِ اسلامیہ کی قیادت عطا کی ہے؟ یا جن کو آپ نے اپنی رہنمائی کے لیے انتخاب کیا ہے؟ ان میں سے کتنے ہیں جن کے نام اور کام سے اسلام کا بول بالا ہوا اور ملتِ اسلامیہ کی وحدت کے کام ہوئے؟ اور وہ کتنے مائی کے لال ہیں جن کی شخصیت اور مساعی میں سنتِ رسول ؐ کی جھلک اور شرم دکھائی دیتی ہے! اگر جواب مایوسانہ ہے تو پھر اپنے انتخاب اور ملکی قیادت پر نظرِ ثانی کریں، ورنہ یہ بکاؤ مال ہر قدم پر ملتِ اسلامیہ کے لیے عراقی "سفارت خانے" قائم کرتے رہیں گے۔ (العیاذ باللہ)

## عبدالوحید شہید

(۱)

موت تیری کہہ گئی عبدالوحید
ہیں جہاں میں اب بھی چنگیز و یزید
خون تیرا رائیگاں نہ جائے گا
اے وطن کے قوم کے دیں کے شہید

(۲)

مت کہو مردہ کہ زندہ ہیں شہید
ہے یہی قرآن کی واضح نوید
سن لے، اے جلّاد تو یہ غور سے
زندہ و پائندہ ہے عبدالوحید

راز کاشمیری

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ